132

E.A.etter 2020-21 / Dy Dir Sports (Basharat)

آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

نظامت اعلیٰ سپورٹس، یوتھ اینڈکلچر مظفرآباد

☆☆☆

بولی مطلوب ہے!

جملہ ہرگاہ درخواست دہندگان کو بذریعہ مطلع کیا جاتا ہے کہ محکمہ سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر کے ملکیتی سپورٹس سٹیڈیم کوٹلی، پلندری بھمبر میں نئی تعمیر شدہ دوکانات/کمرہ جات کو اوپن مارکیٹ ریٹ کی بنیاد پر رینٹ آؤٹ کیا جانا مطلوب ہے۔ اس سلسلہ میں دکانات/کمرہ جات کرایہ پر حاصل کرنے والے خواہش مند حضرات مورخہ 22 فروری 2022ء تک اپنی درخواستیں متعلقہ ضلعی دفتر ہا سپورٹس یوتھ اینڈ کلچر میں جمع کروا سکتے ہیں۔ جمع شدہ درخواستوں پر پلندری 2 مارچ 2022ء دن 11:30 بجے کوٹلی 03 مارچ دن 12:30 بجے 2022 بھمبر 04 مارچ 2022 دن 12:30 بجے درخواست دہندگان/نمائندگان کی موجودگی میں بولی ہوگی۔

شرائط

۱۔ کرکٹ سٹیڈیم ہاء میں تعمیر شدہ دکانات کرایہ کم سے کم ماہوار -/2500 روپے بغرض بولی تعین کیا جاتا ہے۔ اور کمرہ جات کا کرایہ موقع پر تعین ہوگا۔

۲۔ سیکورٹی فیس فی دوکان مبلغ -/30000 روپے مقرر کی جاتی ہے۔ حاصل شدہ سیکورٹی دکانات وغیرہ چھوڑنے پر واپس کی جائے گی۔

۳۔ کرایہ کی مد میں 10% سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔

۴۔ اوپن بولی کے بعد بچ جانی والی دکان، دکانات/کمرہ جات پہلے آؤ پہلے پاؤ کی بنیاد پر الاٹ کی جائیں گی۔

۵۔ تاجر حضرات کی جانب سے دکان چھوڑنے کی صورت میں 02 ماہ قبل تحریری طور پر محکمہ سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر کو مطلع کیا جانا لازمی ہوگا۔

۶۔ اگر محکمہ سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر کو دکان خالی کروانا ہوگی تو محکمہ 02 ماہ قبل دکاندار حضرات کو مطلع کریگا۔

۷۔ تاجر حضرات اور محکمہ کے مابین طے پائے جانے والا معاہدہ ہر سال خود بخود توسیع شدہ تصور ہوگا۔ تاہم معاہدہ میں کوئی بھی تبدیلی فریقین کی مشاورت سے ہوگی۔

۸۔ بجلی کنکشن، ماہانہ بجلی بلات و پانی کی ادائیگی مالک دکان کی ذمہ داری ہوگی اور کرایہ کی ادائیگی ہر ماہ کی 10 تاریخ سے قبل بہر صورت کی جانی لازمی ہوگی۔

۹۔ دکاندار، دکانات کو اچھی حالت میں رکھنے کا پابند ہوگا اور کسی قسم کی توڑ پھوڑ کا موجب نہ بنے گا نیز دکانات میں کسی ممنوعہ Activity کی اجازت نہ ہوگی۔

۱۰۔ دکاندار، دکانات کسی دیگر شخص کو Sublet نہیں کرے گا ایسی صورت میں دکاندار سے معاہدہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

ڈپٹی ڈائریکٹر
سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر

Scanned with CamScanner